# غزل

مولانا دوست محمد ساقی رحمہ اللہ
چنیوٹ

بعشقِ مصطفیٰ تڑپے میرے قلب و جگر برسوں
نگاہِ شوق نے دیکھا نشانِ رہگذر برسوں
جگر تھا یا کہ سینے میں کوئی تھا خون کا سوتا
کہ آنکھوں سے ٹپکتا ہی رہا خون جگر برسوں
گزرتی شام ہے تو پھرنمودِ صبح ہوتی ہے
مگر نہ ہوسکی شامِ مصائب کی سحر برسوں
مری ناکامیاں تجھ کو نہیں معلوم اے ہمدم
رہی آہِ سحر بھی نارسا و بے اثر برسوں
اگرچہ حلقۂ احباب تھا ، لیکن شبِ غم میں
کسی نے کچھ نہ پوچھا اور نہ دیکھا اِدھر برسوں
جنونِ عشقِ احمد میں رہی وارفتگی ایسی
کہ ہر سود و زیاں سے میں رہا ہوں بے خبر برسوں
بہ پہنائے جہاں مجھ کو کہیں نہ مل سکی تسکیں
اگرچہ چھانتا پیہم رہا ہوں بحر و بر برسوں
کسی نے خاک ہی سے رول کر موتی بھرا دامن
کئی غوّاص بدقسمت رہے ہیں بے گہر برسوں
بہارِ جاوداں چھائی رہی کچھ گلستانوں پر
کئی نخلِ تمنا بھی رہے بے برگ و بر برسوں
خدا را دے وہ جامِ ارغواں ساقی مجھے جس سے
رہوں سرمست و بے خود ، بے ہش و وارفتہ سر برسوں